مرکب اضافی اگر خبر بن کر آرہا ہو

تو خبر معرفہ بھی آسکتی ہے

جیسا جملہ اسمیہ میں ہم نے پڑھا تھا

خبر = نکرہ ہوتی ہے (عموماً)

عَمَلُ الْاِنْسَانِ عَمَلُ الْخَيْرِ

الْمُسْلِمِ

مسلمان کا عمل

خیر کا عمل ہے

صَبْرُ الْمُؤْمِنِ صَبْرُ الْعَزِيْمَةِ

مومن کا صبر

عزیمت کا صبر ہے

① بَابُ بَيْتِ غُلَامِ الْوَزِيْرِ

وزیر کے غلام کے گھر کا دروازہ

② طَالِبَاتُ مَدْرَسَةِ الْبَلَدِ ۔

شہر کے مدرسے کی طلباء ۔ طالبات (مونث ۔)

③ لَحْمُ صَيْدِ الْبَرِّ ۔

خشکی کے شکار کا گوشت ۔

④ حَجُّ بَيْتِ اللّٰهِ ۔

اللہ کے گھر کا حج ۔

⑤ رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ ۔

دانائی / حکمت کی اصل / چوٹی اللہ کا ڈر
بنیاد خوف

⑥ مُعَلِّمَاتُ مَدْرَسَةِ الْبَلَدِ نِسَاءٌ مُسْلِمَاتٌ ۔

مضاف
مضاف + مضاف الیہ
مضاف الیہ
مرکب اضافی
مبتدا (معرفہ)
موصوف
صفت
مرکب توصیفی
خبر
(نکرہ)
جملہ اسمیہ

شہر کے مدرسے کی استانیاں مسلمان عورتیں ہیں ۔

7 المُسْلِمُ

مسلمان

مِرْآةُ المُسْلِمِ ۔

مسلمان کا آئینہ ہے

Mirror

⑧ إنَّ السُّلْطَانَ العَادِلَ ظِلُّ اللّٰهِ ۔

حرف تاکید — موصوف — صفت — مضاف — مضاف الیہ

(اسم ان) مرکب توصیفی — مرکب اضافی

معرفہ ← مبتدا — خبر (نکرہ)

جملہ اسمیہ۔

بے شک عادل سلطان اللہ کا سایہ ہے

⑨ نَصْرُ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۔

اللہ کی مدد قریب ہے

⑩ طَعَامُ فُقَرَاءِ المَسَاجِدِ طَيِّبٌ ۔

مضاف — مضاف — مضاف الیہ — خبر

مضاف الیہ

مرکب اضافی

مبتدا

جملہ اسمیہ

مسجدوں کے فقیروں کا کھانا پاک ہے

پاک

3 2 1

① اللہ کے عذاب کا کوڑا۔

1 2 3

سَوْطُ عَذَابِ اللّٰہِ۔

۲ اللہ کے رسول کی دُعا۔

دُعَاءُ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

③ اللہ کے رسول کی بیٹی کی دعا۔

دُعَاءُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

④ ظالم بادشاہ اللہ کے عذاب کا کوڑا ہے۔

اَلسُّلْطَانُ الظَّالِمُ سَوْطُ عَذَابِ اللّٰہِ۔ [سَوْطٌ -]

Page No.:

⑤ زمین اور آسمانوں کا نور۔

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ۔

⑥ اللہ بدلے کے دن کا مالک ہے۔

اللّٰهُ مَالِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ۔

مبتدا مضاف مضاف مضاف الیہ

مضاف الیہ

مرکب اضافی

خبر

جملہ اسمیہ

⑦ اللہ کی مسجدوں کے علماء نیک ہیں۔

عُلَمَاءُ مَسَاجِدِ اللّٰهِ صَالِحُوْنَ۔

⑧ مومن کا دل اللہ کا گھر ہے۔

قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَيْتُ اللّٰهِ

مرکب توصیفی مرکب اضافی

موصوف + صفت مضاف مضاف الیہ

⑨ اچھی نصیحت آخرت کی کھیتی ہے

اَلْمَوْعِظَةُ الْحَسَنَةُ حَرْثُ الْآخِرَةِ۔

موصوف صفت مضاف مضاف الیہ

مرکب توصیفی مرکب اضافی

مبتدا خبر

جملہ اسمیہ

Part 3

مرکب اضافی میں صفت کا بیان

#1 کسی مضاف کا نکرہ یا معرفہ ہونے کی پہچان:-

اسم جب "معرفہ" کی طرف منسوب ہو تو "معرفہ" مانتے ہے

حالت کے لیے مضاف ذمہ دار ہوتا ہے مثلاً- رفع/نصب/جر-
وسعت کے لیے مضاف الیہ ذمہ دار ہوتا ہے مثلاً، معرفہ/نکرہ-

مضاف الیہ ⇐ معرفہ

مضاف ⇐ معرفہ

غلامُ الرَّجُلِ

غلامُ ↓ مضاف ↓ معرفہ

الرَّجُلِ ↓ مضاف الیہ ↓ معرفہ

معرفہ ⟶ معرفہ

آدمی کا غلام

مضاف الیہ ⇐ نکرہ

مضاف ⇐ نکرہ

غلامُ رَجُلٍ

غلامُ ↓ مضاف ↓ نکرہ

رَجُلٍ ↓ مضاف الیہ ↓ نکرہ

نکرہ ⟶ نکرہ

(کسی) آدمی کا غلام

عربی زبان میں جب ((نکرہ)) لاتا ہے تو اس کا مقصد ہوتا ہے کہ وہ عموم کا مطلب دے رہا ہوگا۔

مِثقَالُ ذَرَّةٍ

ایک بھی ذرہ کا ہم وزن

→ Total generality leaving nothing

عَابِرُ سَبِيلٍ

کسی راستہ کا عبور کرنے والا

مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان کوئی لفظ نہیں آتا ہے۔


So Not Correct.
مرد کا نیک غلام
غُلَامُ القَائحُ الرَّجُلِ
Rule breaks

① مضاف کی صفت مرکب اضافی کے بعد لائی جاتی ہے:

غُلَامُ الرَّجُلِ القَائحُ

آدمی کا نیک غلام

(مضاف) "القَائحُ" کی رفع (ـُ) دکھا رہی ہے کہ یہ (غُلَامُ) کی صفت ہے۔

← یہ صفت چاروں اعتبار سے مُضاف یعنی غُلَامُ کے مطابق (یعنی چاروں)

- وسعت
- عدد
- جنس
- حالت

#2

مضاف الیہ کی صفت ← اس کے بعد آتی گی

غُلَامُ الرَّجُلِ الصَّالِحِ

نیک آدمی کا غلام

مضاف الیہ

الصَّالِحِ کی حالت جر (ـِ زیر) بتا رہی ہے کہ یہ الرَّجُلِ کی صفت ہے

③ مضاف اور مضاف الیہ کی صفت

↓

دونوں کی صفت بعد میں آتی ہیں

- پہلے مضاف الیہ کی لائی جائے گی۔ پھر مضاف کی

نیک آدمی کا نیک غلام

غُلَامُ الرَّجُلِ الصَّالِحِ الصَّالِحُ


بَابُ البَیتِ الجَمِیلِ الکَبِیرُ مَغلُوقٌ
مضاف
مضاف الیہ
صفت
مضاف الیہ
صفت
مضاف
نکرہ
مرکب اضافی
مبتدا
خبر
جملہ اسمیہ

خوبصورت گھر کا بڑا دروازہ بند ہے۔

مشق نمبر-16

اردو میں ترجمہ کریں

① وَلَدُ الْمُعَلِّمَةِ الْقَالِحُ

استانی کا نیک لڑکا

② وَلَدُ الْمُعَلِّمَةِ الْقَالِحَةِ

نیک استانی کا لڑکا۔

③ وَلَدُ الْمُعَلِّمَةِ قَالِحٌ۔

استانی کا لڑکا نیک ہے۔

④ مُعَلِّمَةُ الْوَلَدِ قَالِحَةٌ۔

لڑکے کی استانی نیک ہے۔

⑤ غُلَامُ زَيْدٍ كَاذِبٌ۔

جھوٹا

زید کا غلام ہے۔

⑥ غُلَامُ زَيْدٍ اَلْكَاذِبُ۔

زید کا جھوٹا غلام۔

⑦ غُلَامُ زَيْدٍ الْكَاذِبِ۔

جھوٹے زید کا غلام

⑧ نَجَّارُ الْحَارَةِ الْقَادِقُ۔

محلہ کا سچا بڑھئی

⑨ طِيبُ الطَّعَامِ الطَّرِيِّ الْجَيِّدُ

تازہ کھانے کی عمدہ خوشبو

⑩ لَبَنُ الشَّاةِ الصَّغِيرَةِ جَيِّدٌ

چھوٹی بکری کا دودھ عمدہ ہے۔

⑪ لَوْنُ الْوَرْدِ اَحْمَرُ۔

گلاب کا رنگ سرخ ہے۔

عربی میں ترجمہ کریں

(١) استاد کا نیک شاگرد۔

تِلمِیذُ المُعَلِّمِ الفَالِحُ

(۵) محنتی استاد کا شاگرد نیک ہے۔

تِلمِیذُ المُعَلِّمِ المُجتَهِدِ الفَالِحُ

(۳) عذاب کا شدید کوڑا۔

سَوطُ العَذَابِ الشَّدِیدُ۔

(۴) اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ

نَارُ اللهِ المُوْقَدَةُ۔

(۲) آگ کا عذاب دردناک ہے۔

عَذَابُ النَّارِ اَلِیْمٌ۔

(6) اللہ کی عظیم نعمت

نِعْمَةُ اللهِ العَظِیْمَةُ

(٦) عظیم اللہ کی نعمت

نِعْمَةُ اللهِ العَظِیْمِ۔

(8) اللہ کی نعمت عظیم ہے۔

نَعْمَتُ اللهِ عَظِیْمٌ۔

Poll
۴

مرکب اضافی - (نون اعرابی کا گرنا)

تثنیہ کے صیغوں ⇐ "ـَانِ" اور "ـَيْنِ" اور

جمع مذکر سالم کے صیغوں ⇐ "ـُوْنَ" اور "ـِيْنَ"

↓

کے سارے "نون"

↓

نونِ اعرابی کہلاتا ہے۔

Rule

جب کوئی اسم اوپر والے صیغوں میں "مضاف" بن کر آئے تو "نونِ اعرابی" گر جاتا ہے۔

بَابَانِ الْبَيْتِ نَظِيْفَانِ

↓

بَابَا الْبَيْتِ نَظِيْفَانِ

[نِ اعرابی گر گیا]

گھر کے دو دروازے صاف ستھرے ہیں۔

ے

إِنَّ بَابَيْنِ الْبَيْتِ نَظِيْفَانِ

↓

إِنَّ بَابَيِ الْبَيْتِ نَظِيْفَانِ

[نِ گر گیا]

بے شک گھر کے دو دروازے صاف ستھرے ہیں

جمع مذکر سالم کی مثال

مُسْلِمُوْنَ الْمَسَاجِدِ صَادِقُوْنَ

ن ے گر گیا

مُسْلِمُوْ الْمَسَاجِدِ صَادِقُوْنَ

مسجدوں کے مسلمان سچے ہیں

إِنَّ مُسْلِمِيْنَ الْمَسَاجِدِ صَادِقُوْنَ ۔

ن ے گر گیا

إِنَّ مُسْلِمِيْ الْمَسَاجِدِ صَادِقُوْنَ

هُمَا بَوَّابَا الْقَصْرِ
مبتدا خبر
مضاف مضاف الیہ
مرکب اضافی
وہ محل کے دو دربان ہیں

مرکب اضافی (حصہ چہارم)

مشق نمبر 17

(1) اردو میں ترجمہ کریں۔

خبر
مرکب اضافی
مضاف مضاف الیہ
مبتدا

(1) هُمَا بَوَّابَانِ صَالِحَانِ

وہ دونوں نیک دربان ہیں۔

(2) هُمَا بَوَّابَا الْقَصْرِ

وہ دو محل کے دربان ہیں

(3) أَبَوَّابَا الْقَصْرِ صَالِحَانِ؟

(3) کیا محل کے دو دربان نیک ہیں؟

(4) إِنَّ بَوَّابَيِ الْقَصْرِ صَالِحَانِ۔

(4) بیشک محل کے دو دربان نیک ہیں

(5) يَدَانِ نَظِيفَتَانِ وَرِجْلَانِ وَسِخَتَانِ

(5) صاف ہاتھ اور میلے پیر۔ (لوگ)

(6) يَدَا الطِّفْلَةِ زَيْدٍ وَسِخَتَانِ۔

(6) زید کی بچی کے دونوں ہاتھ میلے ہیں

صفت

(7) رِجْلَا طِفْلِ الْمُعَلِّمَةِ الصَّغِيرِ نَظِيفَتَانِ۔

(7) استانی کے چھوٹے بچے کے دونوں پاؤں صاف ہیں

صفت

(8) رُؤُوسُ الْجِبَالِ الْجَمِيلَةُ
(غیر عاقل کی جمع)

(9) أَمُعَلِّمُو الْمَدْرَسَةِ مُجْتَهِدُونَ؟

(9) کیا مدرسے کے اساتذہ محنتی ہیں؟

(8) پہاڑوں کی خوبصورت چوٹیاں

(10) إِنَّ مُعَلِّمِي الْمَدْرَسَةِ مُجْتَهِدُونَ۔

بیشک مدرسے کے اساتذہ محنتی ہیں۔

← عربی میں ترجمہ کریں :

(1) دونوں لشکروں کے طویل نیزے۔

(1) رِمَاحُ الْجُنْدَيْنِ الطَّوِيْلَةُ

مضاف مضاف الیہ صفت مضاف

مرکب اضافی

(2) کچھ بگڑے ہوئے چہرے۔

(2) وُجُوْهٌ بَاسِرَةٌ

موصوف صفت

مرکب توصیفی

(3) بے شک دونوں مردوں کے چہرے بگڑے ہوئے ہیں۔

(نصب)

(3) اِنَّ وَجْهَيِ الرَّجُلَيْنِ بَاسِرَانِ -

تاکید مضاف مضاف الیہ خبر (اِنَّ)

مرکب اضافی

مبتدا

جملہ اسمیہ

(حارۃ)

(4) کیا محلّے کے مومن (جمع) نیک ہیں؟

(4) أَمُؤْمِنُو الْحَارَةِ صَالِحُوْنَ؟

حرف استفہام مضاف مضاف الیہ خبر

مرکب اضافی

مبتدا

جملہ اسمیہ

(5) یقیناً محلّے کے مومن (جمع) نیک ہیں۔

(5) اِنَّ مُؤْمِنِي الْحَارَةِ صَالِحُوْنَ -

تاکید مضاف مضاف الیہ خبر

مرکب اضافی

مبتدا

جملہ اسمیہ

(6) وہ (جمع) مدرسے کی استانیاں ہیں۔

هُنَّ الْمُعَلِّمَاتُ الْمَدْرَسَةِ

مبتدا اسم معرفہ مضاف مضاف الیہ

مرکب اضافی

خبر

(7) بے شک شہر کے مدرسے کی استانیاں نیک ہیں۔

اِنَّ مُعَلِّمَاتِ مَدْرَسَةِ الْبَلَدِ صَالِحَاتٌ -

تاکید مضاف ۱،۲،۳ مضاف الیہ خبر

مرکب اضافی

مبتدا

(خَبَّازٌ)

⑧ صاف ستھرے محلے کے دونوں نانبائی مشغول ہیں اور وہ دونوں بہت سچے ہیں

⑧ خَبَّازَا الْحَارَةِ النَّظِيْفَةِ مَشْغُوْلَانِ وَهُمَا صَادِقَانِ جِدًّا

مضاف موصوف صفت

مضاف الیہ

مرکب اضافی مبتدا

جملہ اسمیہ

خبر

عطف اسم معرفہ

مبتدا

خبر

جملہ اسمیہ

⑨ زید کی کتابیں محمود کے پاس ہیں -

كُتُبُ زَيْدٍ عِنْدَ مَحْمُوْدٍ -

مضاف مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ

مرکب اضافی مرکب اضافیہ

مبتدا خبر

جملہ اسمیہ

مشق نمبر ١٧ (ب)

مرکب اضافی کے قواعد :

① مرکب اضافی دو جُز سے بنتا ہے — مضاف اور مضاف الیہ

② مضاف: جس اسم کو کسی چیز کی طرف نسبت دی جاتی ہے
مضاف الیہ: جس اسم کی طرف کوئی نسبت دی گئی ہے —

③ حالت کا فیصلہ مضاف کرتا ہے مطلب رفع میں ہیں نصب میں یا جر میں

④ وسعت کا فیصلہ مضاف الیہ کرتا ہے مطلب معرفہ ہے یا نکرہ

⑤ مضاف پر (ال) کبھی بھی داخل نہیں ہوتا ہے

⑥ مضاف الیہ اسم کو حالت جر میں لیتا ہے۔

⑦ مضاف پر تنوین نہیں آتی

⑧ مضاف میں مثنی اور جمع سالم کا نون اعرابی گر جاتا ہے۔

⑨ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان کوئی لفظ نہیں آتا ہے۔

⑩ مضاف کی صفت مرکب اضافی کے بعد لائی جاتی ہے۔

⑪ مضاف الیہ کی صفت بھی مرکب اضافی کے بعد لائی جاتی ہے

* صفت چاروں اعتبار سے مضاف / مضاف الیہ کے مطابق ہوتی ہے

حالت — جنس — عدد — وسعت

⑫ اگر مضاف اور مضاف الیہ کی صفت ایک ہی جملہ میں آتی ہیں تو پہلے مضاف الیہ کی لائی جائے گی اور بعد میں مضاف کی

⑬ اگر تثنیہ / جمع والے نون اعرابی مضاف میں آئے تو وہ (نون) نہیں لکھا جاتا۔

Part
1
5

Pronouns

مرکب اضافی - ضمائر

اَلضَّمَائِرُ الْمَجْرُوْرُ الْمُتَّصِلَۃُ

وہ ضمیریں جو مُتَّصِل (Connect مل کر لکھتے ہیں) اور مجرور ہے

مُتصل ۱

- وہ ضمیریں جو کسی اسم، فعل، حرفِ جار کے ساتھ جُڑ کر آتی ہیں اور اعراب کے اعتبار سے مجرور (زیر والی حالت) میں ہوتی ہیں
- یہ ضمیریں کسی لفظ کے آخر میں چپک کر آتی ہیں اور

ملکیت التعلق، "مفعول ②، متعلق ① کے طور پر آتی ہیں۔

(فعل میں 1,2 / بیان ۲۲ کا)

جیسے - یہ احمد کی گاڑی اور احمد کی گھڑی ہے۔

یہ احمد کی گاڑی اور اُس کی گھڑی ہے

ایسے ہی

اُس کا گھر	بَیْتُہٗ	His House
اُس کی کاپی		Her Copy
اُن کا کام		Their work
تیرا / [illegible] نام / کاپی		Your Name/ Copy

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُ اُس (ایک مرد) کا	هُمَا اُن (دو مردوں) کا	هُمْ اُن (سب مردوں) کا
	مونث	هَا اُس (ایک عورت) کا	هُمَا اُن (دو عورتوں) کا	هُنَّ اُن (سب عورتوں) کا
مخاطب حاضر	مذکر	كَ تیرا (ایک مرد) کا	كُمَا تم (دو مردوں) کا	كُمْ تم (سب مردوں) کا
	مونث	كِ تیرا (ایک عورت) کا	كُمَا تم (دو عورتوں) کا	كُنَّ تم (سب عورتوں) کا
مُتَکَلِّم	مذکر	ی	نَا	نَا
	مونث	میرا	ہمارا	ہمارا

بَيْتُ زَيْدٍ وَ سَيَّارَتُهٗ

زید کا گھر اور اُس کی گاڑی

بيتُ زَيْنَبَ وَ بُسْتَانُهَا

زینب کا گھر اور اس کا باغ

#اس سے یہ معلوم ہوا کہ یہ ضمیریں زیادہ تر "مضاف الیہ" بن کر آتی ہیں۔

#مضاف الیہ جبکہ ہمیشہ حالت جر میں ہوتا ہے اسی لیے اِن ضمائر کو حالت جر میں فرض کر لیا ہے۔

#اسی وجہ سے اِن کا نام "ضمائر مجرورہ" ہے

#یہ ضمیریں زیادہ تر اپنے "مضاف" کے ساتھ لکھی جاتی ہیں

رَبُّهٗ	رَبُّكَ	رَبُّكُمْ	رَبُّنَا
مضاف مضاف الیہ اُس کا رب	تیرا رب (مذکر)	تم سب (مذکر) کا رب	ہم سب کا رب

'ی' ضمیر مطلب مُتکلم میں تھوڑا فرق ہے۔

بَيْتُ + ی ← بَيْتُي ← 'ت' پر زیر دی جائے گی

↓

بَيْتِي

میرا گھر

واحد مذکر (غائب) کی ضمیر [هُ] کو پڑھنے / لکھنے کا طریقہ

① وا / ـُ $\xrightarrow{\text{سے پہلے}}$ هُ ⇐ هٗ (ضمیر پر الٹا پیش آتا ہے۔

⇐ كِتَابٌ + هُ = كِتَابُهُ = كِتَابُهٗ

⇐ اَوْلَادٌ + هُ = اَوْلَادُهُ = اَوْلَادُهٗ

② ـْ ⇐ هُ ⇐ هُ (ضمیر پر سیدھا پیش آتا ہے)

⇐ مِنْ + هُ ⇐ مِنْهُ

③ یْ ⇐ هُ ⇐ هِ (ضمیر پر (زیر ـِ) آتی ہے)
کیا

⇐ فِیْ + هُ ⇐ فِیْهُ ⇐ فِیْهِ

③ ـِ ⇐ هِ ⇐ تو کھڑی زیر ـٖ آتی ہے

⇐ بِ + هُ ⇐ بِهُ ⇐ بِهٖ

apsara

واحد مُتکلّم کی ضمیر (ی)

Date:__.__.__

#ی ضمیر کی طرف جب کوئی اسم مضاف ہوتا ہے تو تینوں اعرابی حالتوں میں اُس کی ایک ہی شکل ہوتی ہے۔

#یعنی یہ مضاف کی رفع اور نصب کہا جاتی ہے۔

ی سے پہلے ـُ/ـَ
ـِ میں بدل جاتی ہے

ـُ/ـَ حرف → ی ← ی ـِ حرف

جیسے

رَبٌّ + ی ← رَبُّ + ی ← رَبُّی ← رَبِّی

ی اور زیر میں
مطابقت ہوتی ہے۔
پڑھنے کے اعتبار
سے کیا جاتا ہے

کتابٌ + ی ← کتابُ + ی ← کِتَابُی ← کِتَابِی

↓

کِتَابِیْ اَلْقُرْآنُ۔

میری کتاب قرآن ہے۔

یہاں پر ایک اور اصول لگایا جاتا ہے پڑھنے کے لئے وہ یہ ہے کہ

ی پر (زبر) لگانا جوڑنے / ملانے کے لئے۔

رَبِّیَ اللّٰهُ

#ایسے ہی اِنَّ + ی ← اِنَّی

(wrong)

↓

اِنِّیْ

اِنَّ + نَا
↓
اِنَّنَا ✓
↓
اِنَّا مُسْلِمُوْنَ ✓

وَرَقُ کِتَابِیْ ✗

میری کتاب کا ورق

اِنَّ کِتَابِیْ جَدِیْدٌ ✗

بے شک میری کتاب نئی ہے

Page No.: ____

الاسماء الخمسة

Date:

# أَبٌ ، أَخٌ ، فَمٌ ، ذُوْ ، حَمٌ (شوہر کا بھائی)

↓ باپ ↓ بھائی ↓ منہ ↓ "ذُو" وال ↓ دیور

(جیسے
وال = شان وال)

یہ الفاظ جب مضاف بن کر آتے ہیں تو اعرابی تبدیلی میں اُن کی پوری صورت ہی بدل جاتی ہیں۔

لَفْظ	رفع	نصب	جر
أَبٌ	أَبُوْ	أَبَا	أَبِيْ
أَخٌ	أَخُوْ	أَخَا	أَخِيْ
فَمٌ	فُوْ	فَا	فِيْ
ذُوْ	ذُوْ	ذَا	ذِيْ
حَمٌ (male enthu	حَمُوْ	حَمَا	حَمِيْ
	رفع کی علامت = و	نصب کی علامت = ا	جر کی علامت = ی

جیسے

أَبُوْهُ عَالِمٌ	إِنَّ أَبَاكَ عَالِمٌ	كِتَابُ أَخِيْكَ جَدِيْدٌ
اس کا باپ عالم ہے	بے شک تیرا باپ عالم ہے	تیرے بھائی کی کتاب نئی ہے

سَلَّمْتُ عَلَى أَبِيْكَ

میں نے سلام کی تیرے باپ کو۔

ذِیْ + شَانٍ = ذیشان
↓
شان وال

ذو ضمیر کی طرف مضاف نہیں ہوتا بلکہ اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوتا ہے

(ذُوْ مالٍ ، ذا مالٍ ، جری مالٍ ،
صاحب مال - مال وال)

وَاِنَّهُ لَذُوْ عِلْمٍ -

اور بے شک وہ علم وال ہے "

Page No.:

ضمیر کو جملہ میں پہلے بھی لا سکتے ہیں

ہم نے پڑھا کہ ضمیریں عموماً بعد میں آتی ہیں جیسے رَبُّهُ

لیکن جب ضمیر میں زور دینا ہو، یا جملہ کے شروع میں لانا ہو، تو اکیلا ضمیر نہیں لا سکتے،

جیسے كَ + نَعْبُدُ
كَ ← تیری
نَعْبُدُ ← عبادت کرتے ہیں

یہ غلط ہوگا

STRucture

سو جملے میں اسے شروع میں لانے کے لیے ایک (گرامر ڈھانچہ) کی ضرورت ہے۔ جسے (إِيَّا) کہتے ہیں۔

إِيَّا

- یہ صرف ایک گرامری فریم (Frame) ہے۔
- اس کا خد کا کوئی مطلب نہیں ہوتا۔
- یہ صرف ضمیر کو جملے کے شروع میں لانے کا ذریعہ ہے۔

إِيَّا + ضمیر = مفعول مقدم (زور والا Object)

یہ طریقہ اس لیے استعمال کرتے ہے کیونکہ: جملے میں

- زور (Emphasis) دینے کے لیے۔
- حصر (Exclusivity) کے لیے
- بلاغت کے لیے

تاکہ پتہ چلے کہ ہم کسی اور کو نہیں "بس اِسی کو مراد لیے رہے ہیں"

Fatiha - 5

إِيَّاكَ نَعْبُدُ ← نَعْبُدُكَ

ہم عبادت کرتے ہیں تیری

ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں

وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ

اور صرف تجھی سے مدد چاہتے ہیں

Nahl-51

⇐ إِيَّايَ فَارْهَبُونِ

مجھ ہی سے ڈرو

[Also see Anaam-106
وَإِيَّاهُمْ تَعْبُدُونَ]

Tawbah 51

⇐ إِيَّاهُ وَتَّقُوْا

[Also see Saaffat-24
Baqarah - 41] etc

یاد رکھنے کا قاعدہ # Golden Rule

(ہم اسم کے ساتھ نہیں)

إِيَّا ہی صرف ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے

مطلب : اگر ضمیر پر زور دینا ہو
↓
إِيَّاكَ ، إِيَّاهُنَّ ، إِيَّاهُمْ

اور اگر اسم پر زور دینا ہو

اسم کو پہلے لاؤ (مفعول مقدم بنا دو)

نَعْبُدُ اللّٰهَ ← اللّٰهَ نَعْبُدُ

(زور ہے مگر إِيَّا نہیں لایا)

سبق نمبر 18

اردو میں ترجمہ کریں

① اَللّٰهُ رَبُّنَا ۔ ② اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ

اللّٰہ ہی ہم سب کا رب ہے۔ اُس کی ماں بہت سچی ہے

(ھ)

③ اَلْقُرْآنُ كِتَابُكُمْ وَ كِتَابُنَا ④ عِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ

(ی)

قرآن تم سب کی اور ہم سب کی کتاب ہے ④ ہمارے پاس ایک محفوظ کتاب ہے

⑤ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ ⑥ رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ.

بے شک اللّٰہ میرا اور تم سب کا رب ہے۔ ہمارا رب، اسمانوں اور زمینوں کا رب ہے

⑦ اَللّٰهُ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۔

اللّٰہ ہی غیب کا جاننے والا اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے۔

⑧ سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ ۔

قوم کا سردار اُن سب کا خادم ہے

⑨ اَلْكِتَابُ فَوْقَ الْمِنْضَدَةِ ۔

کتاب میز کے اوپر ہے

⑩ كِتَابِيْ فَوْقَ مِنْضَدَتِكَ ۔

میری کتاب تیری میز کے اوپر ہے

عربی میں ترجمہ کریں۔

① آسمان میرے سر کے اوپر ہے۔

اَلسَّمَاءُ فَوْقَ رَأْسِي۔

مبتدا — مضاف — مضاف الیہ + مضاف — مضاف الیہ

مرکب اضافی / خبر

② ہماری کتابیں استاد کی میز کے نیچے ہیں۔

كُتُبُنَا تَحْتَ مِنْضَدَةِ الْمُعَلِّمِ۔

مضاف مضاف الیہ — مرکب اضافی — مبتدا

مضاف — مضاف + الیہ — مضاف الیہ

مرکب اضافی — خبر

③ بے شک ہمارا رب رحیم غفور ہے۔

إِنَّ رَبَّنَا غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ۔

④ فاطمہ کے پاس ایک خوبصورت قلم ہے۔

عِنْدَ فَاطِمَةَ قَلَمٌ جَمِيْلٌ۔

مضاف — مضاف الیہ — مرکب اضافی — مبتدا

موصوف — صفت — مرکب توصیفی — خبر

⑤ تمہاری زبان عربی ہے اور ہماری زبان ہندی ہے

لِسَانُكُمْ عَرَبِيٌّ وَ لِسَانُنَا هِنْدِيٌّ۔

حرفِ ندا - جس سے کسی کو پکارتے ہیں

حرفِ ندا

جس سے پکارا جائے

منادیٰ

جس کو پکارا جائے۔

جیسے

اُو / اے

Oh

لڑکے / لڑکی

girl / boy

عربی میں

حرفِ ندا

یَا

یَا اَیُّھَا

یَا اَیَّتُھَا

منادیٰ

مفرد

معرف باللام

مرکب اضافی

#1 منادیٰ مفرد ہو تو!

یَا + تنوین ختم ہو جاتی ہے

یَا + زَیْدٌ ⟵ یَا زَیْدُ

∴ یہ حالت نہیں بدلتا۔

اے زید

یَا بِنْتُ	یَا وَلَدُ	یَا رَجُلُ	یَا مَرْءَۃُ	یَا فَاطِمَۃُ

مُنادیٰ مُعرف باللام

جس اسم پر "ال" لگا ہو

مذکر/مونث کے لیے الگ الگ

مذکر

یا اَیُّھَا (اے)

یَا اَیُّھَا الوَلَدُ

اے لڑکے

یا اَیُّھَا النَّبِیُّ

اے نبی

یا اَیُّھَا الرَّجُلُ

یا اَیُّھَا النَّاسُ

مونث

یا اَیَّتُھَا (اے)

یَا اَیَّتُھَا الطِّفْلَةُ

اے بچی

یَا اَیَّتُھَا النَّفْسُ

مونث (سماعی)

اے نفس/جان

منادی مرکب اضافی

یا لگاتے ہیں

مضاف کو نصب دیتا ہے
(مطلب زبر میں آتا ہے)

عَبْدُ اللہِ

یَا عَبْدَ اللّٰہِ ← (یا عبدُ اللہ سے

اے عبد اللہ

یَا نِسَاءَ النَّبِیِّ

یَا بَنِي إِسْرَائِيلَ - ← بَنُوْنَ + إِسْرَائِيلَ

مضاف
ن گر جاتا ہے

بَنُوْ + اسرائیل → یَا بَنِي إِسْرَائِيلَ

(یا سے بَنُوْ نصب میں چلا گیا -

یَا بَنِيْنَ + إِسْرَائِيلَ → (ن اعرابی گر جاتا ہے

یَا بَنِي إِسْرَائِيلَ

اگر "یا" کے بغیر پکارنا ہو تو کچھ الفاظ/مرکب ایسے ہیں جن کے آخری حرف کو کھینچ کر آواز دیتے ہیں

جیسے
عَبْدُ الرَّحْمٰن کے ن

اسی طرح اگر عبدَ الرحمٰن لکھا ہو تو وہ منادی سمجھا جائے گا

بغیر یا کے

(یہ بولنے/پکارنے کے حساب سے سمجھا جاتا ہے)

بار بار

جس کو بہت زیادہ پکارا جاتا ہے تو "یا" نہیں لگاتے

رَبُّ + نَا ← رَبُّنَا

↓

ہمارا رب

مگر ہمیں بولنا ہے

اے ہمارے رب

↓

یَا رَبّ + نَا

یَا رَبَّنَا

↓

صرف ← رَبَّنَا کافی ہے

↓

اے ہمارے رب

اپنے لیے

یَا رَبِّیْ

اے میرے رب

↓

یَا + رَبُّ + یِ

↓

یَا رَبِّیْ ← یَا رَبِّی ← رَبِّ

اے میرے رب

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ
اے میرے رب میری مغفرت فرما

میم مشدد (مَّ) سے بھی پکارتے ہے

فرق

یا (منادی) سے پہلے آتا ہے

مَّ بعد میں آتا ہے

اللّٰہُ + مَّ

↓

اللّٰہُمَّ ← اَللّٰہُمَّ

↓

اے اللہ

یَا اللّٰہُ

مگر یہ صرف اللہ کے ساتھ لگایا جاتا ہے

مشق نمبر - 19

اردو میں ترجمہ کیجیے

① يَا أَيُّهَا الرَّجُلُ ! مَا اسْمُكَ ؟

اے آدمی تیرا نام کیا ہے

② يَا سَيِّدِي ! إِسْمِي عَبْدُ اللّٰهِ -

اے میرے آقا (محترم) ! میرا نام عبداللہ ہے

③ يَا عَبْدَ اللّٰهِ ! هَلْ أَنْتَ خَيَّاطٌ أَوْ نَجَّارٌ ؟

اے عبداللہ کیا تو درزی یا بڑھئی ہے ؟

④ مَا أَنَا خَيَّاطًا أَوْ نَجَّارًا يَا سَيِّدِي ! بَلْ أَنَا بَوَّابٌ

میں درزی یا (ترکھان) بڑھئی نہیں ہوں اے محترم ! بلکہ میں دربان ہوں۔

⑤ يَا زَيْدُ ! دُرُوْسُ كِتَابِ الْعَرَبِي سَهْلَةٌ جِدًّا ۔

اے زید ! عربی کتاب کے درس (اسباق) بہت آسان ہیں

⑥ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ -

اے اطمینان والی جان

عربی میں ترجمہ کریں

① عبد الرحمٰن ! کیا تمہارے پاس قیامت کا علم ہے ؟

عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ! هَلْ عِنْدَكَ عِلْمُ السَّاعَةِ .

② نہیں میرے آقا ! بلکہ وہ اللہ کے پاس ہے ۔

لَا يَسَيِّدِيْ ! بَلْ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ .

③ اے لڑکے ! اُس (مؤنث) کا نام کیا ہے ؟

يَا أَيُّهَا الْوَلَدُ ! مَا اِسْمُهَا ؟

④ اس کا نام فاطمہ ہے ؟

اِسْمُهَا فَاطِمَةُ

مُرکب جارّی

یہ مرکب دو چیزوں سے بنتا ہے

حرفِ جار
(Preposition)

یہ حرف ہے اسم (مجرور) کو حالت جر میں لے جاتا ہے۔

• پہلے آتا ہے۔

• فعل پر نہیں لگتا۔ (یہ حرف خالی اسم میں استعمل ہوتے ہیں)

(اسم) مجرور

وہ اسم جس پر "حرف" جار ① لگنے سے حالت جر/اضافی حالت اختیار کرتا ہے۔ جو ملکیت/تعلق رابطہ ظاہر کرتا ہے۔

مجرور ہمیں بتاتا ہے کہ "کیا کسی چیز کے اندر ہے، کس کے لئے ہے

کس کی طرف ہے، کس سے نکلا ہے وغیرہ۔

جیسے: مِنَ الْمَسْجِدِ اِلَى الْبَيْتِ۔

حرفِ جار | اسم مجرور | حرفِ جار | اسم مجرور

مرکب جارّی ① (شِبہُ جُملَہ)

مرکب جاری ② (شبہ جملہ)

گھر سے مسجد تک

یہ جملہ میں (خبر)، سو یہ شبہ جملہ بن کر آتا ہے

• مُتعلِق خبر

مرکب جاری اصل خبر نہیں بنتی ہے
(Ultimate)
(قاصر رہ جاتی ہے)

قائم مقام خبر

اصلی خبر بنانے
نہیں آتی
(قاصر ہے)

حرف جار عموماً (۱٦) ہوتے ہیں مگر قرآن / میں ان کو (11) استعمال کئے گئے ہیں ۔

	حروف	معنی	مثالیں
①	بِ	بیں، سے، کی، ساتھ (From)	بِرَجُلٍ (ایک مرد کے ساتھ)، بِالْقَلَمِ (قلم سے)
②	فِیْ	میں = in	فِیْ بَیْتٍ (کسی گھر میں) فِی الْبُسْتَانِ (باغ میں)
③	عَلٰی	پر	عَلٰی جَبَلٍ (ایک پہاڑ پر) (عَلَی الْعَرْشِ) عرش پر
④	مِنْ	سے	مِنْ زَیْدٍ (زید سے) مِنَ الْمَدْرَسَۃِ (مدرسہ سے)
⑤	لِ	کے واسطے، کو، کے	لِزَیْدٍ (زید کے واسطے)
⑥	کَ	مانند - جیسا	کَرَجُلٍ (کسی مرد کی مانند) کَالْاَسَدِ (شیر کے جیسا)
⑦	عَنْ	کی طرف سے From	عَنْ زَیْدٍ (زید کی طرف سے) عَنْ عَائِشَۃَ
⑧	اِلٰی	کی طرف - تک	اِلَی الْمَسْجِدِ (مسجد تک) اِلٰی بَلَدٍ (شہر تک)
⑨	تَ	قسم کے لئے (صرف اللہ کے ساتھ)	تَاللّٰہِ (اللہ کی قسم)
۱۰	بِ	قسم کے لئے	بِاللّٰہِ
۱۱	وَ (قسمیہ)	(قسم کے لئے) [اللہ + بغیر اللہ کے اسماء میں بھی لگا سکتے]	وَاللّٰہِ / وَالْعَصْرِ، وَالسَّمَاءِ، وَالْعَادِیَاتِ مگر صرف اللہ قسم کھا سکتا ہے
۱۲	حَتّٰی	تک / یہاں تک (Till) Time Ko Cover Karta hai (زمانہ کو)	حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

(حتی فعل میں بیان آئے گا)

حرف جار (لِ) کے بعض اصول

جب
↓
معرف باللام
↓

المُتَّقِیْنَ

تو ھمزۃ الوصل (ا) گر جاتا ہے (لکھنے میں بھی)

لِ + المُتَّقِیْنَ	لِ + الرِّجَالُ	لِ + اللّٰہُ
لِلْمُتَّقِیْنَ	لِلرِّجَالِ	لِلّٰہِ
تقوی والوں کے لئے	آدمیوں کے لئے	اللہ کے لیے

لِ + اسم = لِ

لِزَیْدٍ

لِزَیْنَبَ (غیر منصرف اسماء)

converts

لِ + ضمائر = لَ = For
کے لئے

لِ + ہُ <= لِہُ ✗

لَہُ = اُس کے لئے

لَھُمْ = اُن سب کے لیے

لَکَ = تیرے لیے

لَنَا = ہمارے لیے

لَکُمْ = تم سب کے لیے

(عَنْ) کا اصول

#

عَنْ اَلنسِ

عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ

عَنْ + اَلْفَحْشَاءِ

↓

عَنِ الْفَحْشَاءِ

جب دو ساکن ہوں تو ملانے کے لیے کسرہ دیتے ہیں۔

(مِنْ)

#

مِنْ + اَلْبَیْتِ ← مِنَ الْبَیْتِ

مِنْ والے نون کو ـَـ فتحہ دیتے ہیں ملا کر پڑھنے کو

(یْ) مُتَکَلِّم

#

عَنْ + ی

↓

ن

add karte hai (نونِ وقایہ بچانے والا)

↓

عَنْ + نِ + ی

↓

عَنِّی

اس سے

مِنْ + ی

↓

مِنِّی

↓

مجھ سے

فِیْ + ی ← فِیْ یَ

↓

فِیَّ

اِلٰی + ی = اِلَیَّ

Examples

اِسْمُ اللّٰهِ

بِ + اِسْمِ + اللّٰهِ

بِاِسْمِ اللّٰهِ

ا
(همزۃُ الوصل ہوتا ہے
پڑھنے اور لکھنے بھی گر جاتا ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ

اللہ کے نام سے (شروع)

(In future Inshallah) محذوف ہوتا ہے

الرَّجُلُ فِی الْبَیْتِ

مبتدا
جار مجرور

مرکب جاری (قائم مقام خبر)
(متعلق خبر محذوف)

Understood (not written like)

حذف ہوتا ہے

الْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلّٰهِ.

مبتدا
حرف جار مجرور
مرکب جاری (متعلق خبر)

جملہ اسمیہ

تمام تعریفیں ثابت ہے اللہ کے لیے

مرکب توصیفی

فِی بَیْتٍ جَمِیْلٍ

فِی الْبَیْتِ الْجَمِیْلِ

جار
موصوف صفت
مرکب توصیفی
مجرور
مرکب جاری

مرکب اضافی

فِی بَیْتِ اللّٰهِ

جار
مضاف مضاف الیہ
مرکب اضافی
مجرور
مرکب جاری

Page No.:

مشق نمبر = ۲۰

اردو میں ترجمہ کرے

① فِي حَدِيقَةٍ
ایک/(کسی) باغ میں.

② فِي الْحَدِيقَةِ
باغ میں .

③ مِنْ تُرَابٍ
کچھ (کسی) مٹی سے

④ مِنَ التُّرَابِ
مٹی سے

⑤ بِالْوَالِدَيْنِ
والدین کے ساتھ

⑥ عَلٰی صِرَاطٍ.
ایک/کسی راستہ پر

⑦ اِلَى الْمَسْجِدِ
مسجد تک /کی طرف

⑧ لِعَرُوسٍ
کسی/ایک دُلہن کے لئے

⑨ لِلْعَرُوسِ.
دُلہن کے لیئے

⑩ كَشَجَرَةٍ
کسی/(ایک) درخت کی طرح

⑪ كَظُلُمَاتٍ
کچھ اندھیروں
کسی رات کی طرح

⑫ مِنْكَ
تجھ سے

⑬ لَكَ
تیرے لئے

⑭ لِي
میرے لئے

⑮ مِنِّي
مجھ سے

⑯ إِلَيْكَ
تیری طرف

⑰ إِلَيَّ
مجھ تک / میری طرف

⑱ بِكَ
/ تیرے ساتھ

⑲ بِي
میرے ساتھ

⑳ عَلَيْكَ
تجھ پر

㉑ عَلَيَّ
مجھ پر

㉒ عَلَيْنَا.
ہم سب پر

㉓ بِسْمِ اللّٰہِ ㉔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ㉖ عَلَی الْبِرِّ

اللہ کے نام سے / کے ساتھ تمام توریفی اللہ کے لیے ہے نیکی پر۔

㉕ مِنْ رَبِّكَ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

تیرے رب کی طرف سے ایک سیدھے راستے تک۔

㉗ اَلْمُحْسِنُ قَرِیْبٌ مِنَ الْخَیْرِ وَ بَعِیْدٌ مِنَ الشَّرِّ۔

نیکوکار قریب ہے خیر سے اور دور ہے شر سے۔

(احسان کرنے والا خیر سے قریب اور شر سے دور ہے)

㉘ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ وَ مُسْلِمَةٍ۔

علم کی طلب فرض ہے ہر کسی مسلمان مرد اور عورت پر
کا حاصل کرنا

㉙ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ۔

ان سب ہی کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان سب کے لئے آخرت میں ایک بڑا عذاب ہے

㉚ هُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ وَ لَنَا اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ۔

وہ ہم سب کا رب ہے اور تم سب کا رب اور ہمارے لئے ہمارے اعمال ہی ہیں اور تم سب کے لئے تمہارے اعمال ہی ہیں

عربی میں ترجمہ کریں

① قیامت کے دن تک ② اندھروں سے نور تک۔

اِلَى السَّاعَةِ / الْقِيَامَةِ (٢) مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ۔
اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ،

③ دائیں اور بائیں طرف سے

عَنِ الْيَمِيْنِ وَ عَنِ الشِّمَالِ۔

④ جنت متقی لوگوں کے لیے

اَلْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ۔

⑤ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ۔

⑥ اللہ اور رسول کے واسطے۔

لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ۔

(٦) یقیناً اللہ کافروں کے واسطے دشمن ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِلْكٰفِرِيْنَ۔

8 کافروں پر اللہ کی لعنت (٩) یقیناً اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (٩) اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ۔

مرکب اشاری

- یہ وہ مرکب ہوتا ہے جس میں [اِسْمِ اشارہ] شامل ہو
- اس کے ذریعہ کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے
- اس کے دو جز (Parts) ہوتے ہیں

اِسْمِ اِشارہ	مُشارٌ اِلَیْہ
وہ اسم/لفظ جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرے۔	• وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہو
یہ / اِس This	کتاب Book
وہ / اُس That	آدمی Man
• پہلے آتا ہے -	• کوئی اسم ہوتا ہے (ال ہوتا ہے) [عموماً معرف باللام ہوتا ہے]

• حالت/جنس/عدد/وسعت کے اعتبار سے اشارہ/مشارٌ الیہ ایک جیسے ہوتے ہیں

- یہ دو قسم کے ہوتے ہیں

الإشارةُ لِلقَرِیبِ → قریب موجود چیز کی طرف

الإشارةُ لِلبَعِیدِ → دور کی چیز کی طرف

apsara

Date:__.__.__

(الإشارةُ لِلقرِيْب)

	رفع	نصب	جر	
واحد	هٰذَا	هٰذَا	هٰذَا	یہ ایک مرد
مذکر تثنیہ	هٰذَانِ	هٰذَيْنِ	هٰذَيْنِ	یہ دو مرد
جمع	هٰؤُلَاءِ	هٰؤُلَاءِ	هٰؤُلَاءِ	یہ سارے مرد
مؤنث واحد	هٰذِهٖ	هٰذِهٖ	هٰذِهٖ	یہ ایک عورت
تثنیہ	هَاتَانِ	هَاتَيْنِ	هَاتَيْنِ	یہ دو عورتیں
جمع	هٰؤُلَاءِ	هٰؤُلَاءِ	هٰؤُلَاءِ	یہ ساری عورتیں

- ایسے جملے میں اسم اشارہ اُس چیز پر دلالت کرتا ہے جو بولنے والے کے (قریب) ہو۔

هٰذَا الْمُسْلِمُ

اسم اشارہ ← هٰذَا ← یہ

مشارٌ الیہ ← الْمُسْلِمُ ← مسلمان

(مشارٌ الیہ پر عموماً (ال) آتا ہے)

(الإشَارَةُ لِلْبَعِيْدِ)

	رفع	نصب	جر	
واحد	ذٰلِكَ	ذٰلِكَ	ذٰلِكَ	وہ ایک مرد
مذکر تثنیہ	ذَانِكَ	ذَيْنِكَ	ذَيْنِكَ	وہ دو مرد
جمع	أُولٰئِكَ	أُولٰئِكَ	أُولٰئِكَ	وہ سارے مرد
واحد	تِلْكَ	تِلْكَ	تِلْكَ	وہ ایک عورت
مؤنث تثنیہ	تَانِكَ	تَيْنِكَ	تَيْنِكَ	وہ دو عورتیں
جمع	أُولٰئِكَ	أُولٰئِكَ	أُولٰئِكَ	وہ سب عورتیں

اس قسم میں اسم اشارہ اُس چیز پر دلالت کرتا ہے جو بولنے والے کے (دور) ہو۔

ذٰلِكَ الْمُسْلِمُ

اسم اشارہ ← ذٰلِكَ

مشارٌ الیہ ← الْمُسْلِمُ

مرکب اشاری

وہ مسلمان

أُولٰئِكَ النِّسَاءُ

وہ سب عورتیں

خبر داخل کرنا


هٰذَا المُسْلِمُ
یہ
مسلمان
اسم اشارہ
مشارٌ الیہ
مرکب اشاری
مبتدا

- اب اگر اس میں خبر داخل کرکے جملہ اسمیہ بنائیے


هٰذَا المُسْلِمُ صَالِحٌ
اسم اشارہ
مشارٌ الیہ
مرکب اشاری
مبتدا
نکرہ
خبر
جملہ اسمیہ


هٰذَا المُسْلِمُ صَالِحٌ
یہ
مسلمان
نیک ہے

# مرکب اشاری مبتدا بن کر آیا


هٰذَا مُسْلِمٌ
اسم اشارہ
نکرہ
مبتدا
خبر
جملہ اسمیہ

یہ ایک مسلمان ہے

- اگر تاکید پیش کرنی ہو

إِنَّ هٰذَا المُسْلِمَ

- إِنَّ سے نصب میں چلا گیا۔
- هذا بھی نصب میں ہے مگر مبنی ہونے کی وجہ سے ایسا ہی رہے گا

إِنَّ هٰذَا المُسْلِمَ عَابِدٌ۔

بے شک یہ مسلمان عبادت کرنے والا ہے

آگے آئے گا

هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ طَاهِرَاتٌ

① وہ زَیْنَب
↓
تِلْكَ زَيْنَبُ

② وہ زَیْنَب ہے
↓
تِلْكَ زَيْنَبُ۔

(Context mai Samj aayega.)

③ اگر تاکید لانی ہو
↓
تو ضمیر بیچ میں لاتے ہیں۔
↓
تِلْكَ هِيَ زَيْنَبُ

وہی زینب ہے۔

مشق نمبر : 21

اردو میں ترجمہ کرے

① هٰذا الصِّرَاطُ .
یہ راستہ

② هٰذا صِرَاطٌ .
یہ (ایک) راستہ ہے۔

③ تِلْكَ الأُمَّةُ .
وہ اُمت/قوم.

④ تِلْكَ أُمَّةٌ .
وہ (ایک) اُمت ہے۔

⑤ هٰذِهِ فَاكِهَةٌ
یہ پھل ہے۔

⑥ هٰذَانِ رَجُلَانِ.
یہ دو آدمی ہیں۔

⑦ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ
یہ (سب) آدمی ۔

⑧ ذَانِكَ دَرْسَانِ
وہ دو (دو) اسباق ہیں

⑨ هٰذَانِ الدَّرْسَانِ
یہ دو اسباق

⑩ هَاتَانِ النَّافِذَتَانِ
یہ دو کھڑکیاں

⑪ هٰذَانِ شُبَّاكَانِ
یہ دو کھڑکیاں ہیں

عربی میں ترجمہ کریں

① وہ قلم

ذٰلِكَ الْقَلَمُ

② یہ دو قلم ہیں

هٰذَانِ قَلَمَانِ ۔

③ وہ ایک موٹر کار ہے ۔

تِلْكَ سَيَّارَةٌ ۔

④ یہ موٹر کار ۔

هٰذِهِ السَّيَّارَةُ

⑤ یہ تصویر

هٰذِهِ الصُّوْرَةُ

⑥ یہ دو استانیاں

هَاتَانِ الْمُعَلِّمَتَانِ

⑦ وہ کچھ استانیاں ہیں

أُوْلٰئِكَ مُعَلِّمَاتٌ

⑧ یہ ایک کھڑکی ہے۔

هٰذَا شُبَّاكٌ / هٰذِهِ نَافِذَةٌ

⑨ یہ سائیکل

تِلْكَ الدَّرَّاجَةُ

⑩ وہ ایک بلیک بورڈ ہے

تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ

⑪ یہ موٹر کاریں

هٰؤُلَاءِ السَّيَّارَاتُ

⑫ وہ کچھ موٹر کاریں ہیں ۔

أُولٰئِكَ سَيَّارَاتٌ ۔

⑬ یہ کچھ پھل ہیں ۔

[illegible] هٰذِهِ فَوَاكِهُ

مشارٌ الیہ اگر
غیر عاقل اِشارہ
جمع مکسر
واحد مؤنث
هٰذِهِ

⑭ وہ دو پھل ۔

تَانِكَ الْفَاكِهَتَانِ ۔

Part ③

مرکب اشاری ← مرکب توصیفی

مُشَارٌ اِلَیْہِ ← مرکب

↓

مرکب اشاری



ھٰذَا الْمُسْلِمُ الصَّالِحُ حَاضِرٌ
یہ
نیک
مسلمان
حاضر
ہے
اسم اشارہ
موصوف
صفت
مرکب توصیفی
نکرہ
مشارٌ الیہ
مرکب اشاری
مبتدا
خبر
جملہ اسمیہ

مرکب توصیفی

اگر مشارٌ الیہ نکرہ ہو تو خبر ہی مانی جاتی گی۔



ھٰذَا مُسْلِمٌ صَالِحٌ۔
یہ ایک نیک مسلمان ہے۔
اسم اشارہ
موصوف
صفت
مرکب توصیفی
مبتدا
+
خبر
=
جملہ اسمیہ

مرکب اشاری کبھی مبتدا بن کر آتا ہے

هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ صَالِحَاتٌ

اسم اشارہ — مشارٌ الیہ — خبر

مرکب اشاری = مبتدا

جملہ اسمیہ

یہ ساری عورتیں نیک ہیں۔

اور کبھی صرف اسم اشارہ

هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ طَاهِرَاتٌ

اسم اشارہ — موصوف — صفت

مبتدا

مرکب توصیفی

مشارٌ الیہ = خبر

جملہ اسمیہ

یہ سب پاک عورتیں ہیں

مشارٌ الیہ = اگر غیر عاقل کی جمع مکسر ہو تو

اشارہ عموماً واحد مؤنث آتا ہے

تِلْكَ الْكُتُبُ

وہ کتابیں

مجموعہ

جَرِيدَةٌ

بھی ہے

تِلْكَ كُتُبٌ

وہ کتابیں ہیں

بے شک وہ لڑکا ہے

إِنَّ ذٰلِكَ وَلَدٌ

بے شک وہ لڑکا نیک ہے

إِنَّ ذٰلِكَ الْوَلَدَ صَالِحٌ

بے شک وہ نیک لڑکا محنتی ہے

إِنَّ ذٰلِكَ الْوَلَدَ الصَّالِحَ مُجْتَهِدٌ

وہ قلم خوبصورت ہیں

تِلْكَ الْأَقْلَامُ جَمِيْلَةٌ

وہ خوبصورت قلم ہیں

تِلْكَ أَقْلَامٌ جَمِيْلَةٌ

وہ خوبصورت قلم لمبے ہیں

تِلْكَ الْأَقْلَامُ الْجَمِيْلَةُ طَوِيْلَةٌ

بے شک وہ خوبصورت قلم ہیں۔

إِنَّ تِلْكَ أَقْلَامٌ جَمِيْلَةٌ۔

بے شک وہ قلم خوبصورت ہیں

إِنَّ تِلْكَ الْأَقْلَامَ جَمِيْلَةٌ

بے شک وہ خوبصورت قلم لمبے ہیں

إِنَّ تِلْكَ الْأَقْلَامَ الْجَمِيْلَةَ طَوِيْلَةٌ۔

بے شک وہ خوبصورت قلم لمبے نہیں ہیں

نصب

إِنَّ + مبتدا + ما + خبر (ب جر)

إِنَّ تِلْكَ الْأَقْلَامَ الْجَمِيْلَةَ مَا بِطَوِيْلَةٍ۔

تِلْكَ (وہ) اور ذٰلِكَ (وہ) - دور کے لئے آتے ہیں جیسا ہمنے پڑھا

لیکن قرآن میں جب کسی عظیم یا تعظیم والی چیز کا ذکر آتا ہے تو [اسم اشارہ للبعید] ہی آتا ہے

اسم اشارہ للبعید

ذٰلِكَ تِلْكَ

کا ترجمہ

"یہ / (یہ وہ) کیا جاتا ہے"

ذٰلِكَ الْكِتَابُ

یہ (وہ) کتاب

تِلْكَ الرُّسُلُ

یہ رسول (جمع)

مشق نمبر :- (و)

اردو میں ترجمہ کریں۔

① هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ

یہ ایک سیدھا راستہ ہے

② هٰذَا الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ

یہ سیدھا راستہ

③ هٰذَا الصِّرَاطُ مُسْتَقِيْمٌ

یہ راستہ سیدھا ہے

④ هَاتَانِ الفَاكِهَتَانِ اللَّذِيذَتَانِ ⑤ هَاتَانِ الفَاكِهَتَانِ لَذِيذَتَانِ

یہ دو خوش ذائقہ پھل ۔ یہ دو پھل لذیذ ہیں

⑥ هَاتَانِ فَاكِهَتَانِ لَذِيذَتَانِ ۔

یہ دو لذیذ پھل ہیں

⑦ تِلْكَ الكُتُبُ ثَمِينَةٌ ⑧ تِلْكَ كُتُبٌ ثَمِينَةٌ

وہ کتابیں قیمتی ہیں وہ قیمتی کتابیں ہیں

⑨ تِلْكَ الكُتُبُ الثَّمِينَةُ نَافِعَةٌ جِدًّا ۔

وہ قیمتی کتابیں بہت فائدہ مند ہیں

⑩ هٰذِهِ الشَّجَرَةُ قَصِيرَةٌ ⑪ تِلْكَ شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ ۔

یہ درخت چھوٹا ہے وہ ایک لمبا درخت ہے

⑫ ذٰلِكَ الدَّوَاءُ المُرُّ مُفِيدٌ ۔

وہ کڑوی دوا فائدہ مند ہے۔

⑬ هٰذَا بَلَاغٌ مُبِينٌ ⑭ هٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ

یہ ایک واضح پیغام ہے یہ بیان لوگوں کے لئے ہے

عربی میں ترجمہ کریں

① یہ دوا کڑوی ہے اور وہ میٹھی دوا ہے ۔

هٰذَا الدَّوَاءُ مُرٌّ وَ ذٰلِكَ دَوَاءٌ حُلْوٌ

② یہ کچھ مہنگے قلم ہیں ۔

هٰذِهِ أَقْلَامٌ ثَمِينَةٌ ۔

③ وہ قلم سستے ہیں ۔

تِلْكَ الْأَقْلَامُ رَخِيصَةٌ ۔

④ وہ تیز رفتار موٹر کار تنگ ہے ۔

تِلْكَ السَّيَّارَةُ السَّرِيعَةُ ضَيِّقَةٌ

⑤ وہ دو میٹھے پھل ہیں

تَانِكَ فَاكِهَتَانِ حُلْوَتَانِ ۔

ذَانِكَ ثَمَرَانِ حُلْوَانِ ۔

Pd
1
3

مرکب اشاری + مرکب اضافی

#1

مبتدا = اسم اشارہ + مرکب اضافی = خبر

هٰذَا وَلَدُ الْمُعَلِّمِ

یہ استاد کا لڑکا ہے۔

#2

اگر مضاف الیہ کی طرف اشارہ کرنا ہو

تو اسم اشارہ مضاف اور مضاف الیہ کے "درمیان" آتا ہے۔

مضاف + اسم اشارہ + مضاف الیہ

كِتَابُ + هٰذَا + الْوَلَدِ

اس لڑکے کی کتاب

كِتَابُ هٰذَا الْوَلَدِ جَدِيْدٌ.

مضاف — اسم اشارہ — مشار الیہ — خبر

مرکب اشاری

مضاف الیہ

مرکب اضافی

مبتدا

جملہ اسمیہ

اس لڑکے کی کتاب نئی ہے۔

Exception
مرکب اضافی
کہ
مضاف
اور
مضاف الیہ
کے درمیان
کوئی حرف
نہیں آتا
↓
اسم اشارہ
آ سکتا ہے

#3 اشارہ ← مضاف کی طرف

↓ تو ↓

اسم اشارہ مرکب اضافی کے بعد آتا ہے

مضاف + مضاف الیہ ← اسم اشارہ

كِتَابُ + الْوَلَدِ ← هٰذَا

لڑکے کی یہ کتاب

كِتَابُ الْوَلَدِ هٰذَا جَدِيْدٌ

لڑکے کی یہ کتاب نئی ہے

#4 اشارہ دونوں کی طرف + مضاف اور مضاف الیہ کی طرف

ذٰلِكَ بَيْتُ ذٰلِكَ الرَّجُلِ كَبِيْرٌ

اُس آدمی کا وہ گھر کبر/بڑا ہے

Trick- While Translating URDU To ARABIC

مدرسہ کی (یہ) شاگردہ

Step-① avoid Ism ishara (یہ)

Step② Now It becomes Simple Murakkab-e-Izafi
So translate it

تِلْمِيْذَةُ الْمَدْرَسَةِ

Step 3 Now using Rule # 3 [Muzaaf ka Ishara Muzaf ilaih ke baad AAta hai]

- هٰذِهٖ الْمَدْرَسَةِ تِلْمِيْذَةُ

مدرسہ کی یہ شاگردہ

=> Phir khabar 'b' add kar sakte ho.

تِلْمِيْذَةُ الْمَدْرَسَةِ هٰذِهٖ عَابِدَةٌ

مدرسہ کی یہ شاگردہ عبادت گزار ہے

مشق نمبر- 23

① شُبَّاكُ الغُرفَةِ هٰذا

کمرے کی یہ کھڑکی

② هٰذا شُبَّاكُ الغُرفَةِ

یہ کمرے کی کھڑکی ہے

③ هٰذِهِ سَيَّارَةُ مُعَلِّمِيْ

یہ میرے استاد کی گاڑی ہے

④ سَيَّارَةُ مُعَلِّمِي هٰذِهِ۔

میرے استاد کی یہ گاڑی

⑤ سَبُّورَةُ الْمَدْرَسَةِ تِلْكَ كَبِيرَةٌ ۔

مدرسہ کا وہ بلاک بورڈ بڑا ہے

⑥ سَبُّورَةُ تِلْكَ الْمَدْرَسَةِ صَغِيرَةٌ ۔

اُس مدرسہ کا بلاک بورڈ چھوٹا ہے

⑦ أَهٰذَا أَخُوكَ ؟ ⑧ أَ أَخُوكَ هٰذَا عَالِمٌ ؟

کیا یہ تیرا بھائی ہے کیا تیرا یہ بھائی عالم ہے

⑨ هٰذَا الرَّجُلُ خَالِي وَ تِلْكَ الْمَرْأَةُ خَالَتِي وَ هٰذِهِ عَمَّتِي ۔

یہ آدمی میرا ماموں ہے اور وہ عورت میری خالا ہے اور یہ میری پھوپھی ہے

⑩ تِلْمِيذُ الْمَدْرَسَةِ هٰذَا ذَكِيٌّ وَهُوَ إِمَامُ الْجَمَاعَةِ ۔

مدرسہ کا یہ شاگرد ذہین ہے اور وہ کلاس کا امام ہے ۔
Class Monitor

ظرف
Will be Highlt
in - Part 3
Insha-Allah

⑪ تِلْمِيذُ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ قَائِمٌ أَمَامَ الْأُسْتَاذِ ۔

اس مدرسہ کا شاگرد کھڑا ہے ۔ استاد کے سامنے

⑫ ثَمَرُ تِلْكَ الشَّجَرَةِ حُلْوٌ ۔ ⑬ تِلْكَ الْبُيُوتُ لِذَيْنِكَ الرَّجُلَيْنِ ۔

اُس درخت کا کھجور میٹھا ہے ⑬ وہ (سب) گھر اُن دو آدمیوں کے ہیں

Date میٹھی کی

کے لئے ہیں

عربی میں ترجمہ کریں

① یہ شاگرد ذہین ہے۔

هٰذَا التِّلْمِيْذُ ذَكِيٌّ

② میرا یہ شاگرد محنتی ہے۔

تِلْمِيْذِيْ هٰذَا مُجْتَهِدٌ

③ مدرسہ کی یہ شاگردہ نیک ہے۔

تِلْمِيْذَةُ الْمَدْرَسَةِ هٰذِهِ صَالِحَةٌ

④ استاد کی وہ سائیکل تیز رفتار ہے۔

دَرَّاجَةُ الْمُعَلِّمِ تِلْكَ سَرِيْعَةٌ

⑤ اس استاذ کی سائیکل نئی ہے۔

دَرَّاجَةُ ذٰلِكَ الْمُعَلِّمِ جَدِيْدَةٌ

⑥ اُس مدرسہ کا ذہین شاگرد مسجد کے سامنے کھڑا ہے

تِلْمِيْذُ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ الذَّكِيُّ قَائِمٌ أَمَامَ الْمَسْجِدِ

PART 1st

أسماءِ استفہام

ہم نے پہلے حُروفُ الاِستفہام پڑھے جو حرف معنوی تبدیلی لاتے ہیں

أَ — (کیا) → هَلْ

نہ اعرابی تبدیلی

نہ مبتدا / فاعل بنتے۔

- یہ صرف "حروف" ہوتے ہیں، جو جملے کے شروع میں آ کر سوالیہ بناتے ہیں
- اِن کے اپنے معنی نہیں ہوتے۔
- صرف ہاں / ناں والے سوالات پوچھنے کے لیے۔ جیسے

سوال: أَ أَنْتَ طَالِبٌ۔ (جواب) نَعَمْ / لَا

کیا تو طالب علم ہے۔ ہاں / ناں۔

أسْمَاءُ الاستفہام

- یہ وہ اسم ہے جو کسی شخص، جگہ، وقت، وجہ، مقدار وغیرہ کے بارے میں سوال کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔
- اِن کے اپنے معنی (meaning) ہوتے ہیں،

جب یہ اسماء ہے تو۔

- یہ مبتدا + خبر + فاعل اور مفعول بن کر آتے ہیں۔
- زیادہ تر (خبر مقدم آتے ہیں)

ایک "مَا" منفی بنانے کے لئے استعمال کیا تھا
جو جر کبھی نصب / ب+ جر میں لیے جاتا تھا
مَا = نہیں

Date:

WHAT? (کیا) مَا / ماذا ①

۰ یہ غیر عاقل (Non living) چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے

هٰذَا مَا ؟

(Not written)
Like in English

WHAT is This /
This is what.

مَا هٰذَا
خبر مقدم ↓ مبتدا مؤخر ↓

یہ کیا ہے

جملہ اسمیہ

مَا دِيْنُكَ ؟
تیرا دین کیا ہے؟

Who (مَنْ) (کون) ②

مَنْ رَبُّكَ ؟
تیرا رب کونسا ہے؟

مَنْ نَبِيُّكَ ؟
تیرا نبی کون ہے۔

اس سے یہ پتہ چلا کہ [مَنْ] عاقل (living things) کے لئے استعمال کرتے ہیں

How ? کَیْفَ (کیسا) - حال پوچھنے کے لئے ؟ ③

كَيْفَ حَالُكَ ؟
تیرا حال کیا ہے

apsara

④ أَيْنَ (کہاں)

Where?

أَيْنَ أَنْتَ ؟

تو کہاں ہے

[illegible]

مِنْ أَيْنَ أَبْدَأُ قِصَّتِي وَحِكَايَتِي ؟

2 1 3 4 5

(میں اپنی داستان اور قصہ کہاں سے شروع کروں)

5 4 2 1 3

⑤ أَنَّى (کہاں سے، کس طرح سے؟)

أَنَّى لَكِ هَٰذَا ؟

تمہیں یہ کہاں سے ملا

(Also - Aal-e Imran - 47

أَنَّى يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ؟

(Baqarah 259)

اللہ اسے اس کی موت کے بعد کیسے زندہ کرے گا؟

⑥+⑦ مَتَىٰ (کب)

When أَيَّانَ +/ ؟

مَتَىٰ يَوْمُ الْاِمْتِحَانِ -

امتحان کا دن کب ہے

مَتَى الْاِفْطَارُ ؟

افطار کب ہے

أَيَّانَ مُرْسَاهَا ؟

Naziat-42

یہ (قیامت) کب ٹھہرے گی

أَيَّانَ هَٰذَا الْوَعْدُ ؟

یہ وعدہ کب پورا ہوگا

How much (کتنا) = کَمْ 8

Explained [In 3rd Part (Comming).]

(کونسی) أَيَّةُ + (کونسا) أَيُّ 9+10

- یہ دونوں مبنی نہیں ہوتے (یہ اپنی حالت کو ظاہری بدلتے ہے)
- عام طور پر مضاف بن کر آتے ہیں۔
- اِن کے بعد آنے والے اسموں کے ساتھ ملا کر مرکب اضافی بناتے ہیں

أَيُّ رَجُلٍ	أَيَّةُ النِّسَاءِ
کونسا مرد	کونسی عورت
أَيُّ حَدِيثٍ	
کونسی بات	

- اوپر مثال سے سمجھ آیا ہوگا کہ اس میں ترجمہ سیدھے کیا جاتا رہا

اسماء استفہام ← مضاف الیہ بن کر آتے ہیں


كِتَابُ مَنْ ؟
مضاف
مضاف الیہ
مرکب اضافی
کس کی کتاب۔

• (یہ بھی سمجھ آیا ہوگا اوپر کہ (یہ جملہ اسمیہ نہیں بنا)

بلکہ مرکب اضافی ہی بنا، اس لیے ترجمہ پورا مفہوم نہیں دے دیا۔


كِتَابُ مَنْ جَدِيْدٌ.
etc. قَدِيْمٌ / نَافِعٌ /
مضاف
مضاف الیہ
خبر
مرکب اضافی
مبتدا
جملہ اسمیہ
کس کی کتاب نئی ہے۔

اردو میں ترجمہ کرے

① مَا ذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ قَلَمُ الْحِبْرِ ؟ ③ مَا هٰذِهٖ ؟ هٰذِهٖ دَوَاةٌ :

روشنائی

وہ کیا ہے ۔ وہ .. کا قلم ہے ۔ یہ کیا ہے ؟ یہ دوات ہے

② وَمَاذَا فِي الدَّوَاةِ ؟ فِي الدَّوَاةِ حِبْرٌ . ④ مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا وَلَدٌ .

INK

اور دوات میں کیا ہے؟ دوات میں سیاہی ہے ۔ یہ کون ہے ؟ یہ ایک لڑکا ہے

⑤ مَا اسْمُ الْوَلَدِ ؟ اسْمُ الْوَلَدِ مَحْمُوْدٌ ؟

لڑکے کا نام کیا ہے ؟ لڑکے کا نام محمود ہے

⑥ كَيْفَ حَالُ مَحْمُوْدٍ ؟ هُوَ بِخَيْرٍ .

محمود کا حال کیسا ہے ؟ وہ خیریت سے ہے

⑦ هٰذَا كِتَابُ مَنْ ؟ هٰذَا كِتَابُ حَامِدٍ .

یہ کس کی کتاب ہے ؟ یہ حامد کی کتاب ہے

⑧ أَيْنَ أَخُوْكَ الصَّغِيْرُ ؟ هُوَ ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ .

کہاں ہے تیرا چھوٹا بھائی وہ مدرسہ کی طرف گیا ہے ۔

⑨ مَتٰى ذَهَبَ ؟ ذَهَبَ قَبْلَ سَاعَتَيْنِ .

وہ کب گیا ۔ وہ دو گھنٹے پہلے گیا ۔

⑩ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؟ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ .

کب ہے اللہ کی مدد ۔ سنو بے شک اللہ کی مدد قریب ہے
(آگاہ ہو جاؤ)

عربی میں ترجمہ کریں

① وہ کیا ہے ؟ وہ محمود کی کار ہے

مَا تِلْكَ ؟ تِلْكَ سَيَّارَةُ مَحْمُوْدٍ ۔

② یہ کیا ہے ؟ یہ ایک لڑکے کی سائیکل ہے

مَا هٰذِہٖ ؟ هٰذِہٖ دَرَّاجَةُ وَلَدٍ ۔

③ تیرا بڑا لڑکا کہاں ہے ؟

أَيْنَ وَلَدُكَ الْكَبِيْرُ ۔

④ وہ بازار سے کب آیا ؟

مَتٰی هُوَ جَاءَ مِنَ السُّوْقِ ۔

PART
2

اَشْمَاءِ استفہام + حروفِ جارّہ

• مفہوم اور لکھنے کے اعتبار سے کچھ تبدیلی آتی ہیں

① لِ + مَا
↓
لِمَا

• اس کو لکھنے کے اعتبار سے "الف کے بغیر لکھا جاتا ہے
↓
لِمَ

لِ + مَاذَا = کس لیے / کیوں۔
↓
لِمَاذَا

لِمَاذَا غَضِبْتَ؟

تم کیوں ناراض ہوئے

لِمَاذَا:- تفصیلی سوال کے لیے / سبب سمجھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے

لِمَ لَمْ تَذْهَبْ ؟

تم کیوں نہیں گئے

لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ -

تم کیوں وہ بولتے ہو جو نہیں کرتے -

لِمَ فعل کے عمل کا سبب پوچھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے

فعل کا بیان آگے آئے گا، اسلئے اِن کو یاد کرنا ہی کافی ہے (رمضان ٦)

② فِي + مَا ← فِيْمَا سے فِيْمَ (کس چیز میں)

• سوچ، تجزیہ یا جگہ کے حوالے سے سوال پوچھنے کے لئے

فِيْمَ تُفَكِّرُ

تم کس میں سوچ رہے ہو۔

③ لِ + مَنْ = لِمَنْ (کس کا / کس کے لئے)

کسی شخص یا ملکیت کے لئے سوال پوچھنا۔

لِمَنْ هٰذَا الْكِتٰبُ

یہ کتاب کس کے لئے ہے / کس کی ہے۔

اسم استفہام پر (لِ) داخل ہو جاتی تو جملے کے شروع میں لاتے ہیں۔

یہ بعد والے اسم سے مل کر (جملہ مکمل کر دیتا ہے

apsara

④ مِنْ + أَيْنَ (کہاں سے)

- کسی چیز یا شخص کے اصل مقام (origin) کو پوچھنے کے لئے ہوتا ہے۔

مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟

تم کہاں سے ہو؟

⑤ إِلَىٰ مَتَىٰ (کب تک)

وقت پوچھنے کے لئے / کسی عمل / حالات کا خاتمہ یا وقت پوچھنے کے لئے

إِلَىٰ مَتَىٰ تَدْرُسُ؟ إِلَىٰ مَتَىٰ تَبْقَىٰ؟

تم کب تک پڑھوگے۔ تم کب تک رُکو گے۔

⑥ إِلَىٰ أَيْنَ

([illegible])

- جانے کی جگہ پوچھنے کے لئے

إِلَىٰ أَيْنَ هُوَ؟

وہ کہاں ہے؟

إِلَىٰ أَيْنَ ذَهَبَ؟

وہ کہاں گیا۔

⑦ إِلَىٰ مَنْ

کسی شخص / معلومات کی اصل (Source) کی طرف اشارہ کرنا۔

إِلَىٰ مَنْ تَذْهَبُ؟

تم کس کے پاس جارہے ہو

إِلَىٰ مَنْ تُرْسِلُ؟

تم کس کو بھیج رہے ہو۔

From

⑧ مِنْ + (مَا) = مِمَّا (کس چیز سے)

کسی کی بنیاد (Origin) پوچھنے کے لئے

مِمَّ خُلِقَ ؟	مِمَّا تَكْتُبُ
وہ کس چیز سے پیدا ہوا؟	تم کس چیز سے لکھتے ہو؟

⑨ عَنْ + مَا = عَنْمَا = عَمَّا (کس بارے میں)

قرآن میں زیادہ تر علم / قیامت / نبوت وغیرہ کے سوال میں آتا ہے۔

عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ؟

وہ کس بارے میں سوال کر رہے ہیں؟

⑩ مِنْ + مَنْ = مِمَّنْ : (کس شخص سے)

جب کسی شخص سے تعلق + اصل پوچھنا ہو

مِمَّنِ الطَّعَامُ ؟ مِمَّنْ تَعَلَّمْتَ ؟

مِمَّنِ الْقَلَمُ ؟ تم نے کس سے سیکھا۔

بِمَنْ	بِمَا	بِمَاذَا
کس شخص سے/ساتھ سے تعلق	کس چیز سے	کس چیز سے (زیادہ واضح)
	چیز/سبب/طریقہ پوچھا ہو	جب بتانے والا سوال ہو (زیادہ تفصیلی)
بِمَنْ تَأْكُلُ ؟	بِمَا تَكْتُبُ ؟	بِمَاذَا تَقْرَأُ ؟
تم کس کے ساتھ کھا رہے ہو	تم کس چیز سے لکھ رہے ہو	تم کس چیز سے پڑھ رہے ہو۔
بِمَنْ تَشْتَغِلُ ؟	بِمَا تَشْرَبُ ؟	بِمَاذَا تَكْتُبُ ؟
تم کس کے ساتھ کام کر رہے ہو؟	تم کس چیز سے پی رہے ہو	تم کس چیز سے لکھ رہے ہو؟

بِكَمْ (کتنے میں)

Price / Quality / Poochne ke lye

بِكَمْ هٰذَا الْكِتَابُ ؟ [On next chapter]

یہ کتاب کتنے کی ہے۔

بِكَمْ الدَّرْسُ ؟

درس کی فیس (Fees) کتنی ہے

بِكَمْ هٰذِهِ السَّاعَةُ ؟

یہ گھڑی کتنے کی ہے

كِتَابُ مَنْ ؟

کس کی کتاب ۔

هٰذَا كِتَابُ مَنْ ؟ / كتاب مَنْ هٰذا؟

یہ کس کی کتاب ہے ۔

لِمَنْ الْكِتَابُ ؟

کتاب کس کے لئے ہے ۔ / اس کی ہے

لِمَنْ هٰذَا الْكِتَابُ؟ [illegible]

یہ کتاب کس کے لئے ہے / اس کی ہے ۔

مشق نمبر - 25

① لِمَنْ هٰذَا الْكِتَابُ ؟ هٰذَا الْكِتَابُ لِوَلَدٍ .

یہ کتاب کس کی ہے۔ یہ کتاب ایک لڑکے کی ہے۔

② بِكَمْ هٰذِهِ الْبَقَرَةُ السَّمِينَةُ ؟

یہ موٹی تازہ گائے کتنے میں کی ہے۔

③ لِمَ أَنْتَ جَالِسٌ فِي الْبَيْتِ ؟

تم گھر میں کیوں / کس لئے بیٹھے ہو؟

④ فِيمَ مَشْغُولٌ إِمَامُ الْمَسْجِدِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ ؟
③ ① ②

مسجد کا امام نماز کے بعد کس چیز میں مشغول ہے۔

⑤ قَالَ أَنّٰى لَكِ هٰذَا ؟ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ .

(تو) ا
اُس نے بولا یہ تیرے لئے کہاں سے آیا؟ اُس نے کہا وہ اللہ کی طرف سے (آیا) ہے۔

⑥ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؟ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ -

آج کی بادشاہت کس کے لئے ہے؟ اللہ کے لئے، واحد اور قہار کے لئے

PART 3

اسماء استفہام - (كَمْ) کا استعمال

كَمْ

كَمْ اِسْتِفْهامِيَة (سوال کے لئے)

- متصل • کتنا [For Uncountable things like milk etc] How much
- منفصل • کتنے [Countable (Rupees etc] How many

• سوال کے لئے

اس (کم) کے بعد جو اسم آئےگا وہ تمیز

مُمَيَّز

کم استفہامیہ + اسم

كَمْ + (واحد + نکرہ + منصوب) ہوگا

كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ ؟

② ③ ①

(Countable)

تمہارے پاس کتنے درہم ہیں

كَمْ سَنَةً عُمْرُكَ ؟

Uncountable

تیری عمر کتنے سال ہے۔

كَمْ (قَلَمًا) لَكَ ؟

واحد + نکرہ + حالت نصب میں ہے

كَمْ خَبَرِيَّة (تعجب / تعظیم کے لئے)

- • کتنے ہی
- • بہت سے

تعجب / اثر کے لئے

(كَمْ) اس کے بعد جو اسم ہوگا (جر میں ہوگا)

- • واحد / جمع بھی ہوسکتا ہے
- • اسم سے پہلے مِن لگتا ہے۔

كَمْ + اسم

حالت جر — واحد / جمع — (مِن) (بھی)

كَمْ تِلْمِيذٍ مُجْتَهِدٍ -

كَمْ مِنْ تِلْمِيذٍ مُجْتَهِدٍ -

کتنے ہی طلبا محنتی ہیں

كَمْ عَبْدٍ أَعْتَقْتُ ؟

کتنے ہی غلام میں نے آزاد کئے

apsara

Date:

غیر منصرف / حالت جر

بِكَمْ مِنْ دَنَانِيْرَ أَنْفَقْتَ عَلَى الْفُقَرَاءِ؟

بہت سے دینار میں نے خرچ کیے فقیروں پر۔

كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً

کتنی ہی چھوٹی جماعتیں بڑی جماعتوں پر غالب آتی رہی ہیں

Baqarah 249

In short

كَمْ

استفہامیہ کے بعد کا اسم

اسم

حالت نصب

واحد

نکرہ ہوگا

كَمْ

خبریہ

اسم

حالت جر

واحد / جمع

نکرہ

(مگر معرفہ بھی ہو سکتا ہے)

مِنْ بھی لگاتے ہیں

اسم سے پہلے

سبق نمبر 26-

① كَمْ وَلَدًا لَكَ يَا خَالِدُ؟ لِيْ وَلَدَانِ وَ بِنْتٌ وَاحِدَةٌ۔

(استفہامیہ)

اے خالد تیرے کتنے بچے ہیں؟ میرے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔

② كَمْ تِلْمِيْذًا حَاضِرٌ فِي الْمَدْرَسَةِ؟

کتنے شاگرد حاضر ہے مدرسہ میں؟

(کم خبریہ)

وَكَمْ تَلَامِذَةٍ غَيْرُ حَاضِرٍ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟

اور کتنے (ہی) شاگرد ایسے ہیں غیر حاضر ہیں مدرسہ سے

وَلِمَاذَا؟ كَمْ مِنْ تِلْمِيْذٍ سَقِيْمٌ۔

اور کیوں۔ کتنے ہی شاگرد بیمار ہیں

③ كَمْ شَاةً عِنْدَكَ يَا أُسْتَاذِيْ؟ عِنْدِيْ شِيَاهٌ مَعْدُوْدَةٌ۔

اے میرے استاد (تمہارے) آپکے پاس کتنی بکریاں ہیں؟ میرے پاس گنتی کی چند بکریاں ہیں

لِمَاذَا؟ كَمْ مِنْ شَاةٍ ذُبِحَتْ لِلْفُقَرَاءِ۔

کیوں؟ کتنی ہی بکریاں میں نے ذبح کی فقیروں کے لئے